BRAMPTON

Community Services
Recreation

## اپنے ریکریئشن اکاؤنٹ کی تصدیق کرائیں۔ اپنی رہائشی مراعات برقرار رکھیں

1 مئی سے اکتوبر 2025 تک، برامپٹن ریکریئشن رہائش کی تصدیق کے ایک منصوبہ کا نفاذ کر رہا ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ کلائنٹ کے اکاؤنٹ کی معلومات تازہ ترین ہوں اور یہ کہ صرف اہل رہائشی ہی رہائشی ریٹس اور ترجیحی رجسٹریشن ٹائم لائن کا فائدہ اٹھا سکیں۔ رہائش کی تصدیق کی سہولت برامپٹن کے تمام تفریحی مراکز پر دستیاب ہے۔

### تصدیق کا مقصد کیا ہے؟

- رجسٹرڈ اور ڈراپ ان پروگراموں، رکنیت اور سہولت گاہوں کی بکنگ کے لیے **رہائشی نرخوں** کو برقرار رکھنا۔

- ڈراپ ان سرگرمیوں کے آغاز سے 1 گھنٹہ پہلے کی بجائے 25 گھنٹے پہلے رجسٹر کروانے کی سہولت۔

### اپنی رہائش کی تصدیق کیسے کرائیں

1. **سٹی آف برامپٹن کے کسی بھی تفریحی مرکز** میں چلے جائیں۔
2. اپنے اکاؤنٹ کی معلومات کی توثیق کروانے کے لیے اپنی شناخت اور رہائشی ثبوت کی کوئی قابل قبول دستاویز اپنے ساتھ لے کر جائیں۔
3. اپنا اکاؤنٹ اپ ڈیٹ کروانے کے لیے اپنی شناخت **کسٹمر سروس ڈیسک** پر پیش کریں۔

### شناخت کا ثبوت:

- ڈرائیورز لائسنس یا اونٹاریو کا فوٹو شناختی کارڈ
- پاسپورٹ
- مستقل رہائش کا کارڈ
- پرووینشل ہیلتھ کارڈ (سرخ/سفید ورژن قابل قبول نہیں ہیں)
- کینیڈا کا پیدائشی سرٹیفیکیٹ (صرف تصویر کی حامل شناختی دستاویز کے ساتھ قابل قبول)

### برامپٹن میں ایڈریس کا ثبوت:

- ڈرائیورز لائسنس یا اونٹاریو کا فوٹو شناختی کارڈ
- یوٹیلٹیز بل (ٹیلیفون، ٹی وی، ہائیڈرو، گیس یا پانی)
- بینک یا کریڈٹ کارڈ کی اسٹیٹمنٹ
- گورنمنٹ بینیفٹس کی اسٹیٹمنٹ
- پراپرٹی کا ٹیکس بل
- ریوینیو کینیڈا کا نوٹس آف اسیسمنٹ

**مدد کی ضرورت ہے؟**

تفصیلات کے لیے brampton.ca/recreation ملاحظہ کریں یا کسی بھی تفریحی مرکز کے عملے سے بات کریں۔